سوال

جب پہلی صف میں جگہ نہ ہو تو؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جب نمازی مسجد میں داخل ہو اور وہ پہلی صف میں کوئی جگہ نہ پائے تو کیا اس کے لئے یہ جائز ہے کہ پہلی صف سے کسی انسان کو پیچھے کھینچ کرلے یا اس صورت میں کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی شخص مسجد میں داخل ہو اور وہ دیکھے کہ تمام صفیں مکمل ہیں۔ کسی بھی صف میں کوئی جگہ نہیں تو اس چاہیے کہ انتظار کرے حتیٰ کہ اسے جگہ مل جائے یا کوئی اور نمازی آجائے یا وہ امام کی دایئں جانب صف بنالے اس کے لئے یہ جائز نہیں کہ صف میں سے کسی کو پیچھے کھینچے کیونکہ اس سلسلہ میں جو حدیث وارد ہے۔ وہ ضعیف ہے۔ صف سے آدمی کو پیچھے کھینچنے کی صورت میں صف میں خلاء پیدا ہوجائے گا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم تو یہ ہے کہ صف کے خلاء کو پر کردیا جائے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص354

محدث فتویٰ